190

آیت نمبر 57

آیات نمبر 57 تا 64 میں تلقین کہ قران اللہ کی طرف سے نصیحت اور اہل ایمان کے لئے
ہدایت ورحمت ہے۔ مشرکین نے اپنی طرف سے جو چیزیں حلال و حرام ٹھہرا لی ہیں وہ غلط
ہیں۔ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کو تسلی کہ اللہ ہر وقت تمہارے ساتھ ہے، اللہ سے کوئی چیز
مخفی نہیں ہے۔ اہل ایمان کے لئے اس دنیا میں بھی خوشخبری ہے اور آخرت میں بھی۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ
وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اے لوگو! بیشک تمہارے پاس تمہارے رب کی
طرف سے ایک ایسی چیز آئی ہے جو سراسر نصیحت ہے، یہ سینوں کے امراض کی شفا
ہے اور ایمان والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے قرآن دل کی بیماریوں مثلاً شرک اور
کفر کا عقیدہ، حسد، بغض، خود غرضی، بخل، لالچ وغیرہ کے لیے شفا کا کام دیتا ہے جو شخص قرآن
پڑھتا اور اس پر عمل کرتا ہے یہ روگ از خود اس کے دل سے دور ہو جاتے ہیں ﴿۵۷﴾ قُلْ
بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ کہہ
دیجئے کہ یہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کے باعث نازل ہوا ہے پس مسلمانوں کو
چاہئے کہ اس پر خوشیاں منائیں هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ یہ قرآن ان ساری
چیزوں سے بہتر ہے جنہیں وہ جمع کرتے ہیں قرآن پڑھنا، سیکھنا، سکھانا اور اس پر عمل کرنا
مال و دولت جمع کرنے سے بہت بہتر ہے ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ
رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّ حَلٰلًا ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! ان لوگوں سے
دریافت کیجئے کہ کیا تم نے کبھی اس بات پر بھی غور کیا کہ جو رزق اللہ نے تمہارے

لئے اتارا تھا تم نے اس میں سے خود ہی بعض چیزوں کو حرام اور بعض چیزوں کو حلال
ٹھہرا لیا؟ قُلۡ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمۡ اَمۡ عَلَى اللّٰهِ تَفۡتَرُوۡنَ آپ ان سے دریافت
کیجئے کہ کیا اللہ نے تمہیں ایسا کرنے کا حکم دیا تھا یا تم اللہ پر بہتان باندھ رہے ہو؟ ﴿۵۹﴾
وَمَا ظَنُّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اور جو لوگ اللہ
پر جھوٹا بہتان لگا رہے ہیں ان کا روز قیامت کے بارے میں کیا خیال ہے؟ اِنَّ اللّٰهَ
لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَشۡكُرُوۡنَ اللہ تو انسانوں پر
فضل ہی کرنے والا ہے لیکن ان کی اکثریت شکر کرنے والی نہیں ہے ﴿۶۰﴾ ع رکوع[۶] وَمَا
تَكُوۡنُ فِىۡ شَاۡنٍ وَّمَا تَتۡلُوۡا مِنۡهُ مِنۡ قُرۡاٰنٍ وَّلَا تَعۡمَلُوۡنَ مِنۡ عَمَلٍ اِلَّا
كُنَّا عَلَيۡكُمۡ شُهُوۡدًا اِذۡ تُفِيۡضُوۡنَ فِيۡهِ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ کسی بھی
کام میں مشغول ہوں یا قرآن میں سے کچھ تلاوت کر رہے ہوں اور اے لوگو! تم بھی
جب کوئی عمل کرتے ہو تو اس سارے عمل کے دوران ہم تم پر گواہ و نگہبان ہوتے
ہیں وَمَا يَعۡزُبُ عَنۡ رَّبِّكَ مِنۡ مِّثۡقَالِ ذَرَّةٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَ
لَاۤ اَصۡغَرَ مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡبَرَ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ زمین اور آسمان میں کوئی
ایک ذرہ برابر چیز بھی ایسی نہیں جو آپ کے رب سے چھپی رہ سکے، اور ایک ذرہ سے
بھی چھوٹی یا اس سے بڑی کوئی چیز بھی ایسی نہیں جس کی تفصیل لوح محفوظ میں درج نہ
ہو ﴿۶۱﴾ اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ یاد رکھو، جو
لوگ اللہ کے دوست ہیں ان پر نہ تو کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿۶۲﴾

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اس کے بعد
پرہیز گاری اختیار کر کے گناہوں سے بچتے رہے ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ؕ ان لوگوں کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی خوشخبری ہے
اور آخرت میں بھی لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ اللہ کے فرمان اٹل ہیں کبھی بدلنے
والے نہیں ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ درحقیقت یہی بہت بڑی کامیابی ہے ﴿٦٤﴾

[# 190]

In verses 57 to 64, it is reiterated that the Quran is a guidance and mercy from Allah for the believers. The things that the disbelievers have deemed lawful or unlawful on their own accord are indeed incorrect. The Prophet Muhammad (peace be upon him) and his companions are reassured that Allah is always with them, and nothing is hidden from Him. There is good news for the believers both in this world and the Hereafter.

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ جَآءَتۡكُمۡ مَّوۡعِظَةٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوۡرِ ۙ وَ هُدًى وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ

O people! There has indeed come to you from your Lord [Quran which is] a guidance, a cure for what is in the hearts, and a mercy for the believers.

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ

[O Prophet!] Say: 'It is by Allah's grace and mercy [that it has been revealed], so let the believers rejoice.'

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾

That is far better than whatever [wealth] they amass.

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّ حَلٰلًا ؕ

[O Prophet!] Ask them: 'Have you ever considered that whatever provision Allah has sent down for you, you yourselves have declared some of it lawful and some unlawful?'

قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾

Ask them: 'Has Allah given you authorization to do so, or are you fabricating lies against Allah?'

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

And those, who fabricate lies against Allah, what do they expect on the day of Judgment?

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ رکوع[۶]

Allah is ever bountiful to all the people, but most of them are not grateful.

وَ مَا تَكُوۡنُ فِىۡ شَاۡنٍ وَّ مَا تَتۡلُوۡا مِنۡهُ مِنۡ قُرۡاٰنٍ وَّلَا تَعۡمَلُوۡنَ

مِنۡ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيۡكُمۡ شُهُوۡدًا اِذۡ تُفِيۡضُوۡنَ فِيۡهِ‌ؕ

[O Prophet!] Whether you are engaged in any task or reciting something from the Quran, and [O people!] Whenever you engage in any activity, We are [always] witness over [each one of] you.

وَ مَا يَعۡزُبُ عَنۡ رَّبِّكَ مِنۡ مِّثۡقَالِ ذَرَّةٍ فِى الۡاَرۡضِ وَ لَا فِى

السَّمَآءِ وَلَاۤ اَصۡغَرَ مِنۡ ذٰ لِكَ وَلَاۤ اَكۡبَرَ اِلَّا فِىۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ

٦١

There is not [even] a small particle in the heavens or the earth, which is hidden from your Lord, nor is there anything smaller or greater than that, which is not [documented] in a Clear [Heavenly] Book.

اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ۚ۝۶۲

Most surely, there shall be no fear upon the friends of Allah [on the day of judgement], nor shall they ever grieve [over the worldly life].

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَكَانُوۡا يَتَّقُوۡنَ ؕ۝۶۳

[These are the ones] who believed, and were ever God-fearing.

لَهُمُ الۡبُشۡرٰى فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَفِى الۡاٰخِرَةِ ؕ

For them, there are glad tidings [of hope and consolation] in the life of this world and [promise of paradise] in the Hereafter.

لَا تَبۡدِيۡلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ

The [decreed] word of Allah shall never be changed.

ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ؕ ٦٤

Indeed, this is [truly] the ultimate Success.